**A**

**CCE RF/RR/PF/PR**

ಕರ್ನಾಟಕ ಶಾಲಾ ಪರೀಕ್ಷೆ ಮತ್ತು ಮೌಲ್ಯನಿರ್ಣಯ ಮಂಡಲಿ,
ಮಲ್ಲೇಶ್ವರಂ, ಬೆಂಗಳೂರು – 560 003

**KARNATAKA SCHOOL EXAMINATION AND ASSESSMENT BOARD,**
**MALLESHWARAM, BENGALURU – 560 003**

ಮಾರ್ಚ್/ಏಪ್ರಿಲ್ 2025 ರ ಪರೀಕ್ಷೆ-1
**MARCH/APRIL 2025 EXAMINATION-1**

ಮಾದರಿ ಉತ್ತರಗಳು
**MODEL ANSWERS**

ಸಂಕೇತ ಸಂಖ್ಯೆ: **66-U** **Code No. : 66-U**

ವಿಷಯ : ತೃತೀಯ ಭಾಷೆ — ಉರ್ದು
# Subject : Third Language — URDU

(ಶಾಲಾ ಅಭ್ಯರ್ಥಿ / ಶಾಲಾ ಪುನರಾವರ್ತಿತ ಅಭ್ಯರ್ಥಿ / ಖಾಸಗಿ ಅಭ್ಯರ್ಥಿ / ಖಾಸಗಿ ಪುನರಾವರ್ತಿತ ಅಭ್ಯರ್ಥಿ)
**(Regular Fresh / Regular Repeater / Private Fresh / Private Repeater)**

ದಿನಾಂಕ : 04. 04. 2025 ] [ ಗರಿಷ್ಠ ಅಂಕಗಳು : 80
**Date : 04. 04. 2025 ] [ Max. Marks : 80**

| مارکس | اہم نکات/اشارات | سوال نمبرات |
|---|---|---|
| | درجِ ذیل ہر سوال کے لئے چار متبادل جوابات دیئے گئے ہیں۔ان میں سے سب سے مناسب جواب چُن کر لکھئے : **8 x 1 = 8** | **I.** |
| | وہ نظم جس میں خالقِ کائنات کی ثنا پیش کی جاتی ہے۔ | 1. |
| | (A) غزل (B) رُباعی | |
| | (C) حمد (D) نعت | |
| 1 | جواب : (C) حمد | |

| سوال نمبرات | اہم نکات/ اشارات | مارکس |
|---|---|---|
| .2 | غیر مستقل کلمہ کی قسم نہیں ہے۔ | |
| | (A) حروفِ ربط (B) صفت | |
| | (C) حروفِ تخصیص (D) حروفِ فجائیہ | |
| | جواب : (B) صفت | 1 |
| .3 | وہ کلمات جو دو اسماء یا ضمیر کے درمیان جوڑنے کا کام کرتے ہیں۔ | |
| | (A) علامتِ اضافت (B) علامتِ مفعول | |
| | (C) علامتِ ظرفی (D) علامتِ فاعل | |
| | جواب : (A) علامتِ اضافت | 1 |
| .4 | جب ایک جملے کا بیان دوسرے جملے میں ہوتا ہے تو یہ حروف کہلاتے ہیں۔ | |
| | (A) وصل (B) شرط | |
| | (C) بیان (D) علّت | |
| | جواب : (C) بیان | 1 |
| .5 | ''فنِ طب میں نفسیات سے بھی علاج کیا۔'' اس جملے میں حروفِ تخصیص ہے۔ | |
| | (A) فنِ طب (B) نفسیات | |
| | (C) علاج (D) بھی | |
| | جواب : (D) بھی | 1 |
| .6 | تعریف کے لئے استعمال ہونے والا حروفِ فجائیہ ہے۔ | |
| | (A) کیا خوب (B) افسوس | |
| | (C) آہ (D) ہائے | |
| | جواب : (A) کیا خوب | 1 |

| مارکس | اہم نکات/اشارات | سوال نمبرات |
|---|---|---|
| | وہ خطوط جو اپنے کُنبے، رشتے داروں، دوستوں اور ملنے جلنے والوں کو لکھے جاتے ہیں۔ | .7 |
| | (A) سرکاری خطوط (B) کاروباری خطوط | |
| | (C) دفتری خطوط (D) نجی خطوط | |
| 1 | جواب : (D) نجی خطوط | |
| | رباعی کا یہ مصرع قافیہ ورد یف کا پابند نہیں ہوتا۔ | .8 |
| | (A) پہلا مصرع (B) دوسرا مصرع | |
| | (C) تیسرا مصرع (D) چوتھا مصرع | |
| 1 | جواب : (C) تیسرا مصرع | |
| | پہلے دو لفظوں کی مناسبت سے تیسرے لفظ کا جوڑ لکھئے : 4 × 1 = 4 | **II.** |
| | شمع : مؤنث : : دِل : ......... | .9 |
| 1 | جواب : مذکر | |
| | جسم : اجسام : : مقصد : ......... | .10 |
| 1 | جواب : مقاصد | |
| | رحمت : زحمت : : عروج : ......... | .11 |
| 1 | جواب : زوال | |
| | تاب نہ لانا : برداشت نہ کرنا : : ستم ڈھانا : ......... | .12 |
| 1 | جواب : ظلم کرنا | |

| سوال نمبرات | اہم نکات/اشارات | مارکس |
|---|---|---|
| III. | درجِ ذیل سوالات کے جوابات ایک ایک جملے میں لکھئے : 4 × 1 = 4 | |
| 13. | ''نانوذرّات'' کی ضخامت کتنی ہوتی ہے ؟ | |
| | جواب : ''نانوذرّات'' کی ضخامت 1 تا 100 نانومیٹر ہوتی ہے۔ | 1 |
| 14. | محمد علی جوہر کا لقب کیا تھا ؟ | |
| | جواب : محمد علی جوہر کا لقب ''رئیس الاحرار'' تھا۔ | 1 |
| 15. | ہمارا مدّعا کیا ہونا چاہیئے ؟ | |
| | جواب : ہمارا مدّعا قوم اور وطن کی شان وعظمت ہونا چاہیئے۔ | 1 |
| 16. | اکبرالہ آبادی کو کس بات کی پرواہ نہ رہی ؟ | |
| | جواب : شاعر اکبرالہ آبادی کو اس بات کی پرواہ نہ رہی کہ دنیا ان سے خوش رہے۔ | 1 |
| IV. | درجِ ذیل سوالات کے جوابات دو یا تین جملوں میں لکھئے : 8 × 2 = 16 | |
| 17. | ریاستِ میسور پر کن کن خاندانوں نے حکومت کی ؟ | |
| | جواب : | |
| | ☆ ریاست میسور پر چالوکیا، ہوئسلا، بہمنی، عادِل شاہی، مغل، وجیانگر، وڈیر اور سلطنتِ خداداد | 1 |
| | ☆ ان خاندانوں کے علاوہ انگریزوں نے حکمرانی کی۔ | 1 |
| 18. | پہلے دو کلرک کن کاموں پر فائز تھے ؟ | |
| | جواب : | |
| | ☆ پہلا کلرک مچھلی کے انڈوں کی دیکھ ریکھ کا کام کرتا تھا۔ | 1 |
| | ☆ دوسرا کلرک مچھلیوں کے ذخیروں کی فائیلیں دیکھنے کا کام کرتا تھا۔ | 1 |

| مارکس | اہم نکات/ اشارات | سوال نمبرات |
|---|---|---|
| | شیخ حُسین عبداللہ بن علی سینا کب اور کہاں پیدا ہوئے ؟ | .19 |
| | جواب : | |
| 1 | ☆ شیخ حُسین عبداللہ بن علی سینا ''بخارا کے قصبہ خرشین | |
| 1 | ☆ میں 980ء کو پیدا ہوئے۔ | |
| | ریاستِ میسور میں سر ایم وشویشوریّا نے کونسے کونسے کارخانے قائم کئے ؟ | .20 |
| | جواب : | |
| 1 | ☆ ریاستِ میسور میں سر ایم وشویشوریّا نے صندل کا کارخانہ، ریشم کا کارخانہ، بھدراوتی میں | |
| 1 | ☆ لوہے کا کارخانے کے علاوہ کسانوں کی کاشت کو فروغ دینے کے لئے شکر کا کارخانہ بھی قائم کیا۔ | |
| | مولانا محمد علی جوہؔر کے اُردو اور انگریزی اخبارات کے نام بتائیے۔ | .21 |
| | جواب : | |
| 1 | ☆ مولانا محمد علی جوہؔر کے اُردو اخبار کا نام ''ہمدرد'' اور | |
| 1 | ☆ انگریزی اخبار کا نام ''کامریڈ'' ہے۔ | |
| | صبح سویرے پروفیسر راہؔی کی مصروفیات کیا ہوتی تھیں ؟ | .22 |
| | جواب : | |
| 1 | ☆ صبح نمازِ فجر سے پہلے جاگ جاتے تھے کچھ دیر چہل قدمی کرنے کے بعد 7:30 بجے ناشتہ کرتے۔ | |
| 1 | ☆ 8:00 صبح آکاشوانی ریڈیو سے خبریں سنتے تھے۔ | |
| | سلیمان خطیب صاحب کا حلیہ بیان کیجئے۔ | .23 |
| | جواب : | |
| 1 | ☆ سلیمان خطیب صاحب کا حلیہ بے ترتیب سا لگتا ہے۔ گندمی رنگ، دہرا جسم، داڑھی منڈھی ہوئی، مونچھ ہٹلری، سر بالوں سے خالی تھا، جناح یا شیخ عبداللہ کیپ سے بال جھانکتے ہوئے دکھائی دیتے تھے تو | |
| 1 | ☆ کبھی ہیٹ بھی پہنتے، قد میانہ اور چال مستانہ تھی اور وضع دلبرانہ تھی۔ | |

| مارکس | اہم نکات/اشارات | سوال نمبرات |
|---|---|---|
| | وہ کونسی باتیں ہیں جو ہمیں بدنام کرتی ہیں ؟ | 24. |
| | جواب : | |
| 1 | ☆ شاعر کا خیال ہے کہ ہمارے آپسی جھگڑے ہمیں بدنام کر رہے ہیں | |
| | ☆ جس کی وجہ سے ہم اپنے مقاصد کو حاصل کرنے میں ناکام ہو رہے ہیں لہٰذا شاعر ان | |
| 1 | باتوں کو ترک کرنے کی تاکید کی ہے۔ | |
| 9 x 3 = 27 | درجِ ذیل سوالات کے جوابات تین یا چار جملوں میں لکھئے : | V. |
| | **بحوالۂ متن درجِ ذیل جملوں کی وضاحت کیجئے :** | |
| | ''نہ کھائیں تو زندہ کیسے رہیں۔'' | 25. |
| | جواب : | |
| 1 | ☆ یہ جملہ ''دھوبی نے مگرمچھ کو کھالیا'' سبق سے لیا گیا ہے۔ | |
| 1 | ☆ اس کے مصنف ''کرشن چندر'' ہیں۔ | |
| | ☆ یہ جملہ ایک بوڑھے کلرک نے رامو سے اس وقت کہا تھا جب وہ ایک دھوبی کو | |
| 1 | مگرمچھ کے کھانے کی شکایت مچھلی محکمہ میں درج کرانے گیا تھا۔ | |
| | ''تو پھر آج رات کا کھانا آپ کے یہاں ہی رہے گا۔'' | 26. |
| | جواب : | |
| 1 | ☆ یہ جملہ ''ملّا نصیر الدین کے قصّے'' سبق سے لیا گیا ہے۔ | |
| 1 | ☆ یہ جملہ ملّا نصیر الدین کے دوستوں نے ملّا نصیر الدین سے اُس وقت کہا تھا | |
| | ☆ جب ملّا نصیر الدین نے شیخی بگھارتے ہوئے یہ کہا کہ جس طرح مہمان نوازی میں | |
| 1 | کرتا ہوں کوئی دوسرا نہیں کرتا۔ | |

| مارکس | اہم نکات/ اشارات | سوال نمبرات |
|---|---|---|
| | ’’ہم اپنی ذات کو اپنی اولاد کو اور جان و مال کو وطن پر نثار کر چکے ہیں۔‘‘ | .27 |
| | جواب : | |
| 1 | ☆ یہ جملہ ’’خاکِ وطن اور خونِ شہیداں‘‘ سبق سے لیا گیا ہے۔ | |
| 1 | ☆ اس کے مصنف ’’خلیل منظرؔ‘‘ ہیں۔ | |
| 1 | ☆ یہ جملہ ٹیپو سلطانؒ نے ان کے ایک وفادار افسر سید غفار سے اس وقت کہا تھا جب انہوں نے اپنی حفاظت کے لئے چتر درگہ قلعہ جانے کی بات کہی تھی۔ | |
| | **درجِ ذیل نثر نگاروں میں سے کسی ایک کا تعارف لکھئے :** | .28 |
| | (i) مجتبیٰ حُسین (ii) ڈاکٹر وحید انجم | |
| | جواب : | |
| | (i) مجتبیٰ حُسین : | |
| 1 | پیدائش – 15 جولائی 1936ء کو چنچولی/گلبرگہ | |
| 1 | اہم نکات – روزنامہ ’’سیاست‘‘ میں مزاحیہ کالم ’’شیشہ و تیشہ‘‘ سے ادبی زندگی کا آغاز کیا۔ | |
| 1 | تصانیف – تکلّف برطرف، قطع کلام، آدمی نامہ، سو ہے وہ بھی آدمی، جاپان چلو جاپان چلو۔ | |
| | اعزازات – ’’پدم شری‘‘ اور ہاسیہ رتن سے نوازا گیا۔ | |
| | یا | |

| مارکس | اہم نکات/اشارات | سوال نمبرات |
|---|---|---|
| | (ii) ڈاکٹر وحید انجم : | |
| 1 | پیدائش — 27/دسمبر 1954ء میں بمقام گلبرگہ | |
| 1 | اہم نکات — آپ کے والد کا نام محمد رکن الدین اور والدہ کا نام صفیہ بیگم تھا۔ آپ کی ابتدائی تعلیم ہمنی پورہ کے ایک سرکاری اسکول میں ہوئی۔ آپ نے ایم اے، یل یل بی، ایم اے (اُردو) اور پی ایچ ڈی ڈگری حاصل کی۔ آپ ایک بلند پایہ شاعر، ڈرامانویس، افسانہ نگار اور نقاد ہیں۔ | |
| 1 | تصانیف — ''کڑی دھوپ کا سفر''، ''زخموں کی زبان''، منظر دھواں دھواں۔ | |
| | **درجِ ذیل شعراء میں سے کسی ایک کا تعارف لکھئے:** | 29. |
| | (i) مولانا ابوالبیان حمادؔ (ii) عطاؔ کلیانوی | |
| | جواب : | |
| | (i) مولانا ابوالبیان حمادؔ : | |
| 1 | پیدائش — 25/جولائی 1923ء کو صوبۂ کرناٹک کے مقام مالور کے قریب ایک قریہ میں پیدا ہوئے۔ | |
| 1 | اہم نکات — آپ کا شمار جامعہ کے ذہین ترین طالب علموں میں ہوتا تھا۔ والد عبدالطیف خان اور والدہ آسیہ بیگم تھا۔ دو بھائی مولوی ثنا اللہ اور جلال الدین عمری کے ساتھ بنگلور سے ہفتہ واری ''پیغام'' جاری کیا حصولِ علم کے سلسلے میں دارالعلوم ندوۃ العلماء لکھنؤ گئے۔ آپ 1946 سے جامعہ دارالسلام عمر آباد میں درس و تدریس میں مصروف ہو گئے۔ | |
| 1 | رسالے — الاخلاق، پیغام، راہِ اعتدال۔ | |
| | یا | |

| مارکس | اہم نکات/اشارات | سوال نمبرات |
|---|---|---|
| | (ii) عطاؔ کلیانوی : | |
| 1 | پیدائش – 20 راگست 1905ء کوکلیانی | |
| | اہم نکات – عطاؔ کلیانوی کا اصل نام محمد عطااللہ اور عُرفیت بھیکو میاں تھی۔ آپ کے والد کا نام محمد رحمت اللہ اور والدہ کا نام سیدہ بی تھا۔آپ کی پہلی شاعری تخلیق نعت رسول ﷺ ہے جو اخبار ''مدینہ'' بجنور میں شائع ہوئی۔آپ کا غالب رجحان رباعی گوئی کی طرف | |
| 1 | رہا اور ایک ہزار رباعیاں لکھیں۔ | |
| 1 | تصانیف – ''وجود وشہود'' | |
| | وفات – 6 رمئی، 1985 | |
| | درجِ ذیل اشعار کی تشریح کیجئے : | |
| | موت کا ایک دن معین ہے | .30 |
| | نیند کیوں رات بھر نہیں آتی | |
| | جواب : | |
| 1 | ☆ یہ شعر ''غالبؔ'' کی غزل سے لیا گیا۔ | |
| | ☆ اس شعر میں شاعر صنعتِ تجاہلِ عارفانہ سے کام لیا ہے۔حالانکہ شاعر کو عشق کے سبب | |
| 1 | نیند نہیں آرہی ہے۔مگر یہ کہتے پھر رہا کہ مجھے موت کے خوف سے نیند نہیں آرہی ہے۔ | |
| | ☆ ویسے ہر ایک کی موت کا دِن مقرر ہوتا ہے ایسا نہیں کہ کوئی موت کے ڈر سے آدمی سوتا | |
| 1 | نہ ہو۔ | |

| مارکس | اہم نکات/اشارات | سوال نمبرات |
|---|---|---|
| | تماشائے دیر وحرم دیکھتے ہیں<br>تجھے ہر بہانے سے ہم دیکھتے ہیں<br>جواب : | .31 |
| 1 | ☆ یہ شعر ''داغؔ دہلوی'' کی غزل سے لیا گیا ہے۔ | |
| 1 | ☆ شاعر اس شعر میں کہتے ہیں کہ جب کسی سے عشق اور محبت ہو جاتی ہے تو ہر جگہ معشوق کا جلوہ نظر آتا ہے۔ | |
| 1 | ☆ مسجد و مندر اور ذرّے ذرّے میں مجھے میرے محبوب کا جلوہ نظر آتا ہے۔ | |
| | یہ پھول مجھے کوئی وراثت میں ملے ہیں<br>تم نے مرا کانٹوں بھرا بستر نہیں دیکھا<br>جواب : | .32 |
| 1 | ☆ یہ شعر ''ڈاکٹر بشیر بدرؔ'' کی غزل سے ماخوذ ہے۔ | |
| 1 | ☆ اس شعر میں شاعر کہتے ہیں کہ میری یہ خوشیاں کامیابیاں یہ عیش وعشرت وراثت میں نہیں ملے ہیں | |
| 1 | ☆ کیا تمہیں میری تکالیف نظر نہیں آتی نہ جانے کتنے مصائب کا سامنا کر کے کتنی نیندیں قربان کر کے میں نے یہ مقام حاصل کیا ہے۔ | |
| | **درجِ ذیل انگریزی تحریر کا اُردو میں ترجمہ کیجئے :**<br>i) Education plays a very important role in our life.<br>ii) Without education we can not achieve any success in life.<br>iii) Education is essential for a brighter future.<br>جواب : | .33 |
| 1 | ☆ تعلیم ہماری زندگی میں بہت اہم کردار ادا کرتی ہے۔ | |
| 1 | ☆ تعلیم کے بغیر زندگی میں ہم کوئی کامیابی حاصل نہیں کر سکتے۔ | |
| 1 | ☆ روشن مستقبل کے لئے تعلیم ضروری ہے۔ | |

| مارکس | اہم نکات/اشارات | سوال نمبرات |
|---|---|---|
| | **درجِ ذیل سوالات کے تفصیلی جواب لکھئے :** **4 x 4 = 16** | **VI.** |
| | آپ کی نصابی کتاب میں شامل ''حمد'' کے چار اشعار اپنی یادداشت سے لکھئے۔ | 34. |
| | جواب : | |
| | حمد | |
| | مولانا الطاف حُسین حالیؔ | |
| 1 | اے ساری دنیا کے مالک — راجا اور پرجا کے مالک | |
| 1 | سب سے انوکھے سب سے نرالے — آنکھ سے اوجھل دل کے اجالے | |
| 1 | ناؤ جگت کی کھینے والے — دکھ میں سہارا دینے والے | |
| 1 | جوت ہے تیری جل اور تھل میں — باس ہے تیری پھول اور پھل میں | |
| | اُمّ المومنین حضرت عائشہؓ کی زندگی پر روشنی ڈالئے۔ | 35. |
| | **یا** | |
| | کلبرگی کی اہم عمارتوں پر نوٹ لکھئے۔ | |
| | جواب : | |
| 1 | ☆ اُمّ المومنین حضرت عائشہؓ کی زندگی ہم سب کے لئے نمونہ تھی۔ حضرت عائشہؓ حضرت ابوبکر صدیقؓ کی صاحب زادی تھیں۔ | |
| 1 | ☆ لقب ''صدیقہ'' اور کنیت ''اُمِ عبداللہ'' تھا آپؓ نہایت سعادت مند بلند اخلاق و کردار کی مالک تھیں۔ | |
| 1 | ☆ علم طِب، علمِ تاریخ اور ادب میں مہارت رکھتی تھی۔ غرباء اور یتیموں کا خاص خیال رکھنا ان کی گھٹی میں پڑا ہوا تھا۔ | |
| 1 | ☆ حضرت عائشہؓ ساری بیویوں میں حضورؐ کو سب سے زیادہ پسندیدہ تھیں 66 سال کی عمر میں انتقال کیا۔ | |
| | **یا** | |

| مارکس | اہم نکات/اشارات | سوال نمبرات |
|---|---|---|
| | کلبرگی کی کئی اہم قدیم عمارتیں قدیم سلاطین کی ہمیں یاد دلاتی ہیں۔ | |
| 1 | ☆ **قلعہ حشام :** اس قلعہ کو راجا کلی چند نے تعمیر کروایا تھا جیسے سلطان حسن گنگو بہمن شاہ نے دوبارہ از سرِ نو تعمیر کر کے قلعہ کی تجدید کی اور نئی رونق بخشی۔ | |
| 1 | ☆ **جامع مسجد :** یہ مسجد اسپین کی مسجد قرطبہ کی طرز پر بہمنی سلطنت کے دوسرے بادشاہ محمد شاہ بن علاؤالدین حسن بہمن شاہ نے تعمیر کروایا۔ اس مسجد کی خاصیت یہ ہے کہ اس میں ایک ساتھ 6000 آدمی نماز ادا کر سکتے ہیں۔ | |
| 1 | ☆ **درگاہ حضرت خواجہ بندہ نوازؒ :** حضرت سید محمد حُسینیؒ کا مزارِ مبارک ہے یہ مقبرہ بہمنی طرزِ تعمیر کا اعلیٰ ترین نمونہ ہے۔ | |
| 1 | ☆ **شرن بسویشور کا مندر :** بسویشور لینگایت قوم کے پیشوا ہیں۔ یہ لینگایت قوم کی ایک اہم زیارت گاہ ہے۔ یہاں ہر سال 15 دنوں کے لئے ایک میلا لگتا ہے۔ | |
| | ☆ **مقبرہ حسن گنگو بہمنی :** حسن گنگو بہمن شاہ کا مزار کلبرگی کا اپنی مثال آپ ہے اسے ان کے فرزند محمد شاہ نے تعمیر کروایا تھا۔ | |
| | **درجِ ذیل تحریر کا بغور مطالعہ کیجئے اور نیچے دیئے گئے سوالات کے جوابات لکھئے :** | |
| | نور جہاں مغلوں کے شاہانہ دور کی ایک ملکہ تھی۔ ان کا اصل نام ''مہرانساء'' تھا اور وہ 1577ء میں افغانستان کے شہر قندھار میں پیدا ہوئی تھیں۔ ان کا خاندان ایران سے تعلق رکھتا تھا، ان کی پہلی شادی شیر افگن علی قلی خان سے ہوئی تھی جو ایک موچی تھا، اس شادی سے ان کی بیٹی لاڈلی بیگم پیدا ہوئیں۔ بدقسمتی سے 1607ء میں علی قلی کی وفات ہوئی۔ اس دوران جہانگیر نے تخت سنبھالا اور اچانک ان کی ملاقات مینا بازار | 36. |

| مارکس | اہم نکات/اشارات | سوال نمبرات |
|---|---|---|
| | میں مہرانساء سے ہوئی۔ نظر پڑتے ہی جہانگیر ان کے دیوانے ہو گئے۔ اور ایک ہی سال میں آپ اُن کی پسندیدہ بیگم بن گئیں۔ جہانگیر انہیں پیار سے نور محل بھی کہتے تھے۔ جہانگیر کے نشہ کرنے کی وجہ سے اُنہوں نے حکومت کا مکمل کنٹرول اپنے ہاتھ میں لے لیا۔ اس وقت کے سکّے پر بھی نور جہاں کا نام چلنے لگا۔ آگرہ کو معاشرتی ترقی کا گڑھ تصور کیا جانے لگا، ان کے وقت میں ہی شاعری اور ایرانی تہذیب کو فروغ ملا۔ | |
| | مصوری، خوبصورت باغات کی تخلیق، زیورات کے نت نئے ڈیزائن اور قیمتی ملبوسات نور جہاں کی صلاحیتوں کے آئینہ دار ہیں۔ ان کی بے پناہ مقبولیت کے ڈر سے نور جہاں کے سوتیلے بیٹے نے انہیں نظر بند کر دیا۔ | |
| | **سوالات :** | |
| | (i) نور جہاں کا اصل نام کیا تھا ؟ | |
| | (ii) نور جہاں کب اور کہاں پیدا ہوئی ؟ | |
| | (iii) جہانگیر اور نور جہاں کی ملاقات کہاں ہوئی ؟ | |
| | (iv) نور جہاں کو کس نے نظر بند کیا ؟ | |
| | جواب : | |
| 1 | (i) نور جہاں کا اصل نام ''مہرالنساء'' تھا۔ | |
| 1 | (ii) نور جہاں 1577ء میں افغانستان کے شہر قندھار میں پیدا ہوئیں۔ | |
| 1 | (iii) جہانگیر اور نور جہاں کی ملاقات مینا بازار میں ہوئی۔ | |
| 1 | (iv) نور جہاں کو ان کے سوتیلے بیٹے نے نظر بند کیا۔ | |

| سوال نمبرات | اہم نکات/اشارات | مارکس |
|---|---|---|
| | **درجِ ذیل کسی ایک عنوان پر مضمون لکھیے :** | |
| .37 | (i) انٹرنیٹ کے فائدے ونقصانات | |
| | **یا** | |
| | (ii) بڑھتی ہوئی مہنگائی | |
| | جواب : | |
| | **انٹرنیٹ کے فائدے اور نقصانات :** | |
| | تمہید — کسی قول، ضرب المثل، فقرہ، کہاوت یا کہانی سے مضمون کا آغاز | 1 |
| | نفسِ مضمون — ☆ انٹرنیٹ کے معنی ومفہوم | 1 |
| | ☆ انٹرنیٹ کی اہمیت/ضرورت | |
| | ☆ انٹرنیٹ کا جال/ فائدے اور نقصانات | 1 |
| | اختتام — انٹرنیٹ کی ضرورت فائدے اور نقصانات سے متعلق اپنے خیالات کا اظہار | 1 |
| | **یا** | |
| | **بڑھتی ہوئی مہنگائی :** | |
| | تمہید — کسی قول، ضرب المثل، فقرہ، کہاوت سے مضمون کا آغاز | 1 |
| | نفسِ مضمون — ☆ بڑھتی ہوئی مہنگائی کے معنی ومفہوم/تعارف | 1 |
| | ☆ اس کے اسباب اور اثرات | |
| | ☆ اس کے نقصانات | 1 |
| | ☆ احتیاطی تدابیر | |
| | اختتام — مضمون سے متعلق اپنی ذاتی رائے | 1 |

| مارکس | اہم نکات/ اشارات | سوال نمبرات |
|---|---|---|
| | خط کے اجزائے ترکیبی کا لحاظ رکھتے ہوئے درجِ ذیل خطوط میں سے کوئی ایک خط لکھئے : | **VII.** |
| | **1 x 5 = 5** | |
| | اپنے میر معلّم/ معلّمہ کے نام ایک خط لکھئے جس میں سندِ تبادلہ ( TC ) کی درخواست کی گئی ہو۔ | 38. |
| | جواب : | |
| | میر معلّم/ میر معلّمہ کے نام درخواست : | |
| | i) ازمقام : | |
| 1 | ii) مورخہ : | |
| 1 | iii) آداب والقاب : محترم میر معلّم/ معلّمہ آداب | |
| 1 | iv) مضمونِ خط : TC حاصل کرنے کی درخواست | |
| 1 | v) اختتام : فقط آپ کی/ آپ کا/ شاگردہ/ شاگرد | |
| 1 | vi) مکتوب الیہ کا نام اور پتہ : | |
| | یا | |
| | اپنے والد/ والدہ کے نام ایک خط لکھئے جس میں مدرسہ کے سالانہ جلسہ کا ذکر کیا گیا ہو۔ | |
| | والد/ والدہ محترم کے نام خط : | |
| | i) ازمقام : | |
| 1 | ii) مورخہ : | |
| 1 | iii) آداب والقاب : والد صاحب/ والدہ قبلہ آداب | |
| 1 | iv) مضمونِ خط : مدرسہ کے سالانہ جلسہ کے متعلق | |
| 1 | v) اختتام : فقط آپ کا/ آپ کی/ چہیتا/ چہیتی/ بیٹا/ بیٹی۔ | |
| 1 | vi) مکتوب الیہ کا نام اور پتہ : | |